فون نمبر ۴۴۹ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

"ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء"

روزنامہ

الفضل

ربوہ

قائمقام ایڈیٹر
یوسف سہیل شوق

فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹ | ۱۴ رشہادت ۱۳۵۹ ہش ۷ اگست ۱۹۸۰ء | نمبر ۱۸۱

اخبار احمدیہ

ربوہ ۶ ظہور / اگست۔ اوسلو (ناروے) سے پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے ۲ ظہور / اگست کو جناب امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی خدمت میں بذریعہ کیبل گرام اطلاع دی ہے۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ بیگم صاحبہ کی طبیعت بھی اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب کرام توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ ہمارا پیارا مولا کریم اپنے خاص فضل سے دورۂ یورپ و ممالک دیگر کو کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرے۔ اپنے فرشتوں کی تائید سے نوازتا رہے۔ اور اہل مغرب کو خدا تعالیٰ کی توحید اور نبی پاک محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا پیغام پوری کامیابی سے پہنچانے کا موقعہ ملے آمین

ناروے میں احمدیہ مشن اور مسجد کا شاندار تاریخی افتتاح

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فرانس، چین، آسٹریا، بنگلہ دیش اور ترکی کے سفارتی نمائندوں کی شرکت

یورپ بھر سے احمدیوں کا اجتماع۔ خطبہ جمعہ سے مشن ہاؤس اور مسجد کا باضابطہ افتتاح عمل میں آیا۔

ربوہ ۶ ظہور / اگست۔ اللہ تعالیٰ کے خاص الخاص فضل و کرم سے یکم اگست بروز جمعہ ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں جماعت احمدیہ کے مشن اور مسجد کا افتتاح عمل میں آیا الحمد للہ ثم الحمد للہ

مشن اور مسجد کا افتتاح نماز اور خطبہ جمعہ کی ادائیگی کے ذریعہ کیا گیا۔ پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے جناب امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی خدمت میں دو اگست کو جو کیبل گرام ارسال کی ہے۔ اس میں اس تاریخی واقعہ کی تفاصیل بیان کرتے ہوئے بتایا گیا ہے۔ کہ مشن اور مسجد کے افتتاح کی تقریب کا پورے ملک میں چرچا ہوا ہے۔ ریڈیو پر یہ خبر نشر کی گئی اور ٹی وی پر رسم افتتاح کی کارروائی دکھائی گئی۔

یکم اگست کو جمعہ سے پہلے مشن ہاؤس میں ایک طویل اور نہایت کامیاب پریس کانفرنس منعقد کی گئی اور اس کے بعد جمعہ کی مقدس عبادت کے ذریعہ مشن ہاؤس اور مسجد کا باضابطہ افتتاح عمل میں آیا خطبہ جمعہ انگریزی میں ارشاد فرمایا اور اس تقریب میں شریک حاضرین کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ اور یہ ان تمام لوگوں کے لئے کھلی ہے جو کہ اس میں داخل ہو کر خدائے واحد کی عبادت کرنا چاہیں۔ اس کے بعد قرآنی آیات کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات کے بارے میں ارشادات فرمائے اور بتایا کہ یہ وہ عظیم ذات ہے جس کی ہم عبادت کرتے ہیں، اور ہم اس [illegible] کے فضل اور رحم کے ساتھ ہی کر سکتے ہیں۔ خطبہ کے آخر میں قرآن کریم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وہ دعائیں پڑھیں جو انہوں نے بیت اللہ کے لئے کی ہیں۔

اس تقریب میں جو کہ اپنی اہمیت کے اعتبار سے ایک تاریخی تقریب تھی تمام یورپ سے احمدی احباب تشریف لائے ہوئے تھے۔ متعدد غیر از جماعت احباب بھی جو کہ دنیا کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے تھے۔ اس تقریب میں شامل تھے۔ اس تقریب میں متعدد غیر مسلم بھی شامل ہوئے۔ خصوصی مہمانوں میں فرانس

(باقی دیکھیں صفحہ ۲ پر)

حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کے لئے

دعائے خاص کی تحریک

حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کل غسل خانہ میں گرنے کی وجہ سے زخمی ہو گئیں۔ آپ کو سر کے پچھلے حصہ میں چوٹ آئی ہے اور مکرم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب نے تین ٹانکے لگائے ہیں۔ اس حادثے کی وجہ سے حضرت بیگم صاحبہ کا طبیعت بہت ناساز ہے اور زخم میں درد کی وجہ سے بہت تکلیف ہے۔ اور بہت کمزوری محسوس کر رہی ہیں۔

حضرت بیگم صاحبہ شعائر اللہ میں سے ہیں اور آپ کا وجود باجود جماعت احمدیہ کے لئے دعائیں کرنے والے ایک قیمتی اثاثے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے احباب جماعت کی خدمت میں گزارش ہے کہ حضرت بیگم صاحبہ کی صحت یابی کے لئے خصوصی توجہ اور درد و الحاح کے ساتھ دعائیں کریں۔ اس بڑھاپے اور پیرانہ سالی میں یہ حادثہ نہایت تکلیف دہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت بیگم صاحبہ کو اپنے خاص فضل سے صحت یابی عطا کرے۔ اور آپ کی چوٹ کی تکلیف جلد از جلد زائل کرے۔ آپکو صحت و تندرستی عطا کرے اور آپکا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین

خصوصی دعائیں حاصل کرنے کا طریق

ہر احمدی طالب علم اپنے امتحان کے نتیجہ کی اطلاع دے

مجلس مشاورت کے موقعہ پر فرمایا:۔

"ساری جماعت کے لئے اعلان ہے کہ پہلی کلاس (کنڈر گارٹن) سے لے کر پی ایچ ڈی تک امتحان دینے والا ہر احمدی بچہ (لڑکا اور لڑکی) مجھے خط لکھے۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ ہر ایک کے لئے خاص طور پر دعا کروں گا اور دفتر کی طرف سے ان کو جواب بھی دیا جائے گا"

(الفضل ۲۹ اپریل ۱۹۸۰ء)

پبلشر:۔ مسعود احمد ؛ پرنٹر:۔ سید عبدالحی ؛ مطبع:۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقام اشاعت:۔ دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیہ مشن سپین کی سرگرمیاں

(مکرم عبدالستار خان صاحب مبلغ مقیم قرطبہ سپین)

(۲)

محترم چوہدری صاحب نے حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ آپکی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر حرکت اپنے رب کے عشق سے معمور تھی۔ اس سلسلہ میں چوہدری صاحب موصوف نے حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی متعدد دعائیں اور ان کا ترجمہ سنایا اور بتایا کہ بانیٔ اسلام صلے اللہ علیہ وسلم اپنے خالق کے عشق میں فنا تھے اور آپ کی یہی تمنا تھی کہ ہر انسان آستانۂ الوہیت پر جھک جائے۔

اسلام اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی فیوض و برکات بیان کرکے آپ نے بتایا کہ اسلامی تعلیمات کو حرزِ جان بناتے ہوئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی کامل پیروی کرکے انسان اب بھی محبوب خدا بن سکتا ہے اور آپ کی پیروی میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرکے اس کے محبوب اور پاک بندوں کی صف میں داخل ہو سکتا ہے اور اس کی رضا کی جنتوں میں سے اپنا حصہ حاصل کر سکتا ہے اور آپ کی آمد کی غرض یہ ہے کہ حقیقی اسلام کو زندہ کیا جائے اور انسان اپنے پیار کرنے والے رب کو پہچانے تا دنیا میں امن و سلامتی کی فضا پیدا ہو۔

محترم چوہدری صاحب موصوف نے اہل کتاب (عیسائی حضرات) کو پُر شوکت آواز میں کلام پاک کا یہ پیغام سنایا۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ۔

(آل عمران صـ ۶۵)

تو کہہ (کہ) اے اہل کتاب (کم سے کم) ایسی بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے (وہ یہ کہ) ہم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور نہ ہم اللہ کو چھوڑ کر ایک دوسرے کو آپس میں رب بنایا کریں۔

اس لیکچر کے آخر میں سوال و جواب ہوئے اور اس طرح یہ دو روزہ کانفرنس نہایت کامیابی سے اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر خاکسار نے کتب سلسلہ کا سٹال بھی لگایا اور جملہ سامعین کو سلسلہ کا لٹریچر اور کتب برائے مطالعہ دی گئیں۔

کانفرنس میں معززین شہر اور متعدد طلباء نے شرکت کی۔

باوجود موسم کی خرابی اور بارش کے ۶۲ عیسائی افراد شامل ہوئے۔

کانفرنس کے انتظامات اور اشتہارات تقسیم کرنے اور دیواروں پر چسپاں کرنے میں مکرم برادرم طارق احمد صاحب عبڑ نے مکمل تعاون کیا۔ نیز مجلس خدام الاحمدیہ سپین نے مبلغ چار ہزار پیسیٹا کی مالی امداد پیش کی۔

فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

ریڈیو پر انٹرویو

مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۸۰ء کو ریڈیو "قرطبہ" کا نمائندہ مشن ہاؤس آیا اور قریباً پچیس منٹ تک محترم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر مبلغ انچارج کا انٹرویو ریکارڈ کرکے اسی روز ریڈیو "قرطبہ" اور ریڈیو "ATALAYA" سے نشر کیا۔

اسی طرح ۱۹ اور ۲۰ مارچ کو ریڈیو "ازدلس کی آواز" اور ریڈیو "پاپولر" کے نمائندگان نے مکرم چوہدری صاحب کے انٹرویو ریکارڈ کئے اور دو اقساط میں دو روز تک نشر کرتے رہے۔

جو انٹرویو نشر ہوئے ان کا خلاصہ اپنے الفاظ میں درج ذیل ہے۔

(۱) احمدیت کی غرض و غایت کیا ہے؟

(ج) قیام احمدیت کی غرض جماعت احمدیہ دنیا کے کونوں کونوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ وہ جماعت ہے جس کی بنیاد ۲۳ مارچ ۱۸۸۹ء کو حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی آف انڈیا نے لدھیانہ میں رکھی۔ تمام مذہبی کتب یعنی قرآن پاک حدیث النبی صلے اللہ علیہ وسلم۔ بائیبل اور دیگر کتب میں آخری زمانہ میں ایک عظیم مصلح کی آمد کی خبر پائی جاتی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ایسا شخص اس وقت مبعوث ہوگا جبکہ دنیا میں ظلمت اخلاقی و مذہبی سے راہزنی بہت بڑھ جائے گی چنانچہ اس کے مطابق آپ ۱۸۳۵ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۰۸ء میں اللہ کو پیارے ہوئے اور آپ کے بعد سلسلہ خلافت قائم ہوا۔ دنیا بھر کے کونوں کونوں میں پھیلی ہوئی جماعت اور جسکے متعدد مشن یورپ امریکہ افریقہ اور مشرق بعید میں قائم ہیں۔ اس کے موجودہ سربراہ ۱۹۷۰ء میں سپین تشریف لائے تو آپ اہل قرطبہ کے اخلاق سے بہت متاثر ہوئے۔

(س) سنا ہے جماعت احمدیہ قرطبہ کے قریب PEDRO ABAD (پیدرو آباد) میں مسجد تعمیر کرنے والی ہے۔

(ج) جی ہاں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور تائید سے مسجد و مشن ہاؤس کے لئے زمین خرید لی جا چکی ہے اور اس کی تعمیر کے انتظامات ہو رہے ہیں۔

(س) کیا موجودہ عالمی بے چینی، بدامنی اور فساد کی اصلاح ممکن ہے؟

(ج) جی ہاں۔ اسی فساد اور بدامنی کو دور کرنے کے لئے اور آپس میں باہمی محبت پیدا کرنے کے لئے تو جماعت احمدیہ کا قیام ہوا ہے۔

اب اس جماعت کے ذریعہ قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے دنیا کا فساد مٹے گا اور اس انقلاب کی بنیاد رکھی جا چکی ہے۔ اور آئندہ صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہوگی۔ انشاء اللہ۔

روزنامہ "قرطبہ" میں انٹرویو

یہاں کے اخبار روزنامہ "قرطبہ" نے اپنی اشاعت مورخہ بیس مارچ میں مکرم امیر و مبلغ انچارج صاحب کی فوٹو کے ساتھ مندرجہ ذیل جلی سرخی کے ساتھ آپ کا انٹرویو شائع کیا

جماعت احمدیہ پیدرو آباد PEDRO ABAD میں پہلی ہسپانوی مسجد تعمیر کریگی

اخبار میں درج انٹرویو اور خبر کا جلی عنوان مکرم کرم الٰہی صاحب ظفر سے منسوب کرکے دیا گیا۔ اس کے بعد "اخبار مذکور نے لکھا کہ مسلمانوں کے ہزار سالہ دورِ حکومت میں قرطبہ جو مملکت اسلامیہ کا دارالخلافہ۔ روحانی مرکز اور عظمت و شوکت کا حامل تھا۔ اب پھر مسلم جماعتیں

محفلِ سوال و جواب

ادارہ الفضل سلسلہ عالیہ احمدیہ کے علماء کرام کے تعاون سے ایک ہفتہ وار "محفل سوال و جواب" کا سلسلہ شروع کر رہا ہے اس میں احباب جماعت و دیگر بھائیوں، بہنوں کے سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ احباب سے درخواست ہے کہ وہ اپنے سوالات جلد از جلد بھجوائیں۔

احباب خیال رکھیں کہ یہ سوالات سیاسی نہ ہوں اس سلسلہ کا مقصد تنوع اور دلچسپی پیدا کرنا ہے۔ لہٰذا حتی المقدور ایسے سوالات سے گریز کیا جائے۔ جن کا جواب پہلے ہی سلسلہ کے لٹریچر میں ضخیم کتب یا مضامین کی صورت میں موجود ہے۔

(ادارہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قرطبہ کی طرف نگاہیں اٹھا رہی ہیں ..... جماعت احمدیہ بھی قرطبہ کو اپنا روحانی مرکز بنانا چاہتی ہے۔"

(یہ اشتہار یہ اخبار الفضل مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۸۰ء میں شائع ہو چکا ہے۔)

مشن ہاؤس میں لوگوں کی آمد

اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی نصرت سے متعدد سپینش افراد اسلام سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے مشن ہاؤس آتے رہے۔ جنہیں اسلامی تعلیمات کے حسن سے آگاہ کیا جاتا رہا اور انہیں سلسلہ کا لٹریچر اور کتب برائے مطالعہ دی جاتی رہیں۔ مشن ہاؤس آنے والوں میں یونیورسٹی کے پروفیسر، متعدد طلباء اور چار پاکستانی جن میں پشاور یونیورسٹی کے ایک پروفیسر بھی تھے شامل ہیں۔

مجلس مذاکرہ میں شرکت

مورخہ ۱۴، ۱۵، ۱۶ اپریل کو قرطبہ یونیورسٹی کے شعبہ عربی کے تحت یہاں کے محل "القصر" کے وسیع ہال میں "اسلام اور عرب دنیا" کے موضوع پر مجلس مذاکرہ منعقد ہوئی جس میں میڈرڈ، اشبیلیہ، غرناطہ اور قرطبہ یونیورسٹیوں کے ڈائریکٹر صاحبان اور پروفیسروں نے شرکت کی۔ مجلس مذاکرہ سننے کے لئے کافی تعداد میں طلباء اور اہل علم لوگ شامل ہوتے رہے۔ مجلس مذاکرہ کے نگران اعلیٰ کی طرف سے محترم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر اور خاکسار کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی۔ مجلس مذاکرہ کے بعض مقررین نے اسلامی تعلیمات کو غلط رنگ میں پیش کر کے اسلامی اصولوں کا مذاق اڑانے کی کوشش کی۔ چنانچہ مکرم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر نے سوال و جواب کے وقفہ میں اسلام سے متعلق بیان کی گئی غلط فہمیوں اور غلط امور کی پُرزور تردید کرتے ہوئے اسلام کی صحیح تعلیمات کی وضاحت فرمائی۔ مثلاً اسلام امن و سلامتی کا مذہب ہے۔ جہاد اور تلوار کے زور سے نہیں پھیلا۔ حرمت خنزیر اور شراب کی مخالفت کی فلاسفی اور حکمت۔

مجلس مذاکرہ میں شرکت کرنے والے اہل علم افراد کو سلسلہ کا لٹریچر پیش کیا گیا۔ متعدد پروفیسروں سے تعارف حاصل کر کے انہیں سلسلہ کی کتب دی گئیں نیز ان کے ایڈریس حاصل کئے گئے تاکہ بعد میں بھی رابطہ قائم رکھا جا سکے۔

سرکردہ افراد سے ملاقاتیں اور پیغام حق۔

مورخہ ۱۴/۵/۸۰ کو مکرم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر کی معیت میں قرطبہ شہر کے میئر سے ملاقات کر کے آدھ گھنٹہ تک اسے اسلام کا پیغام پہنچایا گیا۔ اور کتب سلسلہ پیش کی گئیں۔ اسی طرح ۱۲ مئی ۸۰ء کو قرطبہ کے بشپ اور صوبہ قرطبہ کے پولیس کے اعلیٰ افسر کو بھی مکرم مشنری صاحب انچارج کے ہمراہ پیغام حق پہنچایا گیا۔ میڈرڈ میں انڈونیشیا کے سفیر کو احمدیت کا پیغام پہنچانے کے لئے محترم مشنری صاحب انچارج کے ہمراہ ہمارے سپینش احمدی نوجوان عبد الحمید اور خاکسار گئے۔ قریباً چالیس منٹ تک خوشگوار ماحول میں سفیر صاحب موصوف سے احمدیت کے بارے میں گفتگو ہوتی رہی۔ انہیں اسلامی اصول کی فلاسفی و دیگر کتب برائے مطالعہ پیش کی گئیں۔

علاوہ ازیں قرطبہ کی رائل اکیڈمی کے ڈائریکٹر، ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر، اخبار "قرطبہ" کے ایڈیٹر اور یونیورسٹی قرطبہ کے متعدد پروفیسروں سے ملاقات کر کے پیغام حق پہنچایا گیا اور کتب سلسلہ دی گئیں۔

تقسیم لٹریچر

لٹریچر کی تقسیم تبلیغ حق کا سب سے وسیع میدان ہے۔ اللہ کے فضل سے سپین مشن کی طرف سے "اسلامی اصول کی فلاسفی"، "اسلام کا اقتصادی نظام"، "پیغام امن و سلامتی"، "اسلام کیوں ناقابل شکست ہے"، "سیرت النبی صلعم" کے سپینش زبان میں تراجم ہو کر ہزاروں کی تعداد میں یہ کتب تقسیم ہو چکی ہیں اور اب بھی کی جاتی ہیں۔ نیز "اسلامی تعلیم و تمدن"، "مسیح صلیب پر فوت نہیں ہوئے" یہ دونوں کتابیں بھی کثرت سے تقسیم کی جا رہی ہیں۔ علاوہ ازیں دو ورقہ اشتہار۔

"احمدیت کیا ہے" کثیر تعداد میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔

قرطبہ میں بڑی کثرت سے سپینش افراد کے علاوہ دیگر ممالک سے بھی سیاح آتے ہیں۔ ان ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو بھی لٹریچر تقسیم کرنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ بعض اوقات تقسیم لٹریچر کے دوران تبلیغی سلسلہ گفتگو شروع ہو جاتا ہے جو کئی گھنٹوں تک جاری رہتا ہے۔

ایک مرتبہ چند طلباء کو دعوت پر بلایا۔ وہاں انہیں احمدیت کا پیغام پہنچایا گیا اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ ایک مرتبہ MORMON فرقہ کے پادری صاحبان سے پونے دو گھنٹہ تک تردید تثلیث پر گفتگو کی گئی۔ قرطبہ میں "ابن حزم" سوسائٹی کے تحت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر ایک پروفیسر نے تقریر کی۔ اسی موقع پر بھی لوگوں کو لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

گاؤں PEDRO ABAD (پیدرو آباد) جہاں مسجد و مشن ہاؤس کے لئے زمین خریدی جا چکی ہے۔ وہاں چند مرتبہ مکرم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر مبلغ انچارج کی معیت میں جانے کا موقع ملا۔ دوران سفر بس کے مسافروں کو لٹریچر تقسیم کیا گیا اور گاؤں کے لوگوں کو بھی پیغام حق پہنچانے کا موقع ملتا رہا۔

درخواست دعا

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ہماری ان حقیر کوششوں کو برکتوں سے نوازے اور قبول فرماتے ہوئے بہترین نتائج ظاہر فرمائے اور اسلام کی عظمت رفتہ کے اس تاریخی مقام سپین میں اسلام کو ایک دفعہ پھر فتح و نصرت عطا کرے اور اسی ملک میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور نبی پاک محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا جھنڈا ایک دفعہ پھر اسی شان سے لہرائے جس طرح گذشتہ سات سو سال تک لہراتا رہا ہے۔ آمین۔

"ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیہ نفس کرتی ہے"

درخواست دعا

میری ماموں زاد بہن اور بھاوج ایم بیگم اہلیہ برادر محترم محمد عبد اللہ خان صاحب ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ پولیس گھٹنوں میں خرابی کی وجہ سے چل پھر نہیں سکتیں۔ لاہور میں ان کا ایک آپریشن ہوا تھا جس سے کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ اب برادرم محترم انہیں یوکے علاج کے لئے لے گئے ہیں۔ وہاں ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ سٹیل کے گھٹنے ڈال دیئے جائیں لیکن اب انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ایسا نہ کیا جائے کیونکہ ہو سکتا ہے ایک دو سال بعد اس میں کوئی خرابی پیدا ہو جائے جس کا مداوا پاکستان میں ڈاکٹر نہیں کر سکیں گے۔ لہٰذا اب چینی طریق علاج کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اب وہ لندن میں ایک چینی ڈاکٹر کے زیر علاج ہیں۔ لہٰذا احباب جماعت سے رمضان کے مبارک ایام میں عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامل صحت عطا فرمائے اور وہ مکمل طور پر صحت یاب ہو کر پاکستان واپس آئیں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

(راجہ محمد یعقوب صدر دار الصدر شرقی ربوہ)

(۲) میری بھتیجی اور برادرم خواجہ رشید احمد مرحوم کی بچی بشریٰ رشید کے دل کا آپریشن ہونے والا ہے۔ عزیزہ کراچی جا چکی ہے۔

احباب کی خدمت میں دردمندانہ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو اپنے خاص فضل سے شفاء یاب بنا کر واپس لائے۔

(خواجہ خدام محمد آف رشید اینڈ برادرز سیالکوٹ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مرزا عبدالرحمٰن صاحب

مکرم عبدالمجید صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کراچی

مرزا عبدالرحمٰن صاحب مرحوم عمر میں خاکسار سے پانچ چھ سال بڑے تھے۔ ۱۹۳۵ء میں جب خاکسار میٹرک پاس کر کے ایف سی کالج لاہور میں داخل ہوا اور احمدیہ ہوسٹل جو اس وقت ایمپرس روڈ پر واقع تھا میں رہائش پذیر ہوا تو اس وقت مرزا صاحب مرحوم بی۔ اے پاس کر چکے تھے اور لاء کالج میں داخل ہو چکے تھے۔ لیکن کسی وجہ سے تعلیم جاری نہ رکھ سکے پھر ایک لمبے عرصہ تک ہماری ملاقات نہ ہو سکی۔

۱۹۵۲ء میں وہ سرکاری کام کے سلسلہ میں کراچی آئے اور کچھ عرصہ یہاں رہے تو ان سے دوبارہ نیاز حاصل ہوا بعد میں ان کا تبادلہ پشاور سے کراچی ہو گیا۔ اور پھر ریٹائرمنٹ تک کراچی میں ہی رہے۔ سوائے ایک ڈیڑھ سال کے جو وہ کمپٹرولر بلوچستان کی حیثیت سے کوئٹہ تعینات رہے۔ تاہم ان کی فیملی کراچی میں ہی رہی۔

کراچی آنے کے بعد جلد ہی جماعتی کاموں میں مشغول ہو گئے۔ مرزا صاحب مرحوم کو حساب کتاب میں زبردست مہارت حاصل تھی۔ چنانچہ سالہا سال بحیثیت محاسب خدمات سرانجام دیتے رہے۔ اور آخر دم تک اس خدمت پر مامور رہے۔

جب تک ملازم رہے سرکاری کام سے فارغ ہو کر سیدھے احمدیہ ہال پہنچتے اور اپنے فرائض منصبی کو ادا کرتے اور کئی کئی گھنٹے اس کام میں صرف کرنے کے بعد شام کو گھر جاتے۔

۱۹۷۲ء میں ملازمت سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد تو سلسلہ کے کاموں کے لئے وقف ہو کر رہ گئے۔ بڑی باقاعدگی سے احمدیہ ہال جاتے اور گھنٹوں کام میں مصروف رہتے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نہایت صاف ستھرا۔ صحیح اور مکمل ریکارڈ رکھتے۔ اللہ تعالیٰ نے حساب کے فن میں ان کو ایسی صلاحیتیں عطا فرمائی ہوئی تھیں کہ دیکھ کر حیرت ہوتی تھی۔ چنانچہ بیت المال کی طرف سے مقرر کردہ انسپکٹر صاحبان اور خود جناب ناظر صاحب بیت المال جب بھی جماعت احمدیہ کراچی کے حسابات کی پڑتال کے لئے آئے۔ مرزا صاحب مرحوم کی اعلیٰ کارکردگی سے بے حد متاثر ہوئے اور بہت تعریفی ریمارک دیتے رہے۔

مرزا صاحب مرحوم نہایت نیک، متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ نیکی اور شرافت کا پتلا تھے۔ اپنے محکمہ میں اپنی قابلیت اور دیانت و امانت کیلئے ضرب المثل تھے۔

مرحوم نہایت با اخلاق۔ بلند کردار اور منکسر المزاج باوجود ہمہ بزلہ سنج اور شگفتہ طبیعت کے مالک تھے۔ کام کے ساتھ ساتھ موقع اور محل کے مطابق موزوں فقرے چست کرنے کا بھی بڑا ملکہ تھا جس سے مجلس باغ و بہار ہو جاتی تھی۔

مرزا صاحب مرحوم سے یوں تو خاکسار کی واقفیت ۱۹۳۵ء سے تھی۔ لیکن جب سے وہ کراچی آئے ہمارے تعلقات دوستی بہت گہرے ہو گئے۔ اور پھر تقریباً سولہ سترہ سال سے ہمسائیگی میں رہنے اور اکٹھے سلسلہ کا کام کرنے کی وجہ سے تو ایک جان دو قالب والا معاملہ ہو گیا تھا۔ خاکسار اپنے لمبے تجربہ کی بناء پر کہہ سکتا ہے۔ کہ مرزا صاحب مرحوم اپنے اخلاق و کردار۔ نیکی اور تقویٰ کے لحاظ سے احمدیت کا سچا نمونہ تھے۔ وہ ایک مثالی شوہر۔ شفیق باپ۔ مخلص دوست اور ہمدرد خلائق انسان تھے۔

مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ چار بیٹے اور دو بیٹیاں چھوڑے ہیں۔ ان میں سے تین بیٹے اور ایک بیٹی امریکہ اور کینیڈا میں خوشحال ہیں۔ ایک بیٹی ایبٹ آباد میں ہے۔ سب بیٹے اور بیٹیاں سوائے ایک کے شادی شدہ ہیں۔ غیر شادی شدہ بیٹا بھی جوان اور تعلیم یافتہ ڈبل ایم۔ اے ہے۔ اور اپنی والدہ کے ساتھ کراچی میں ہی مقیم ہے۔

دست دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ مرزا صاحب مرحوم کے درجات بلند فرمائے۔ اور ان کی بیوی۔ بچوں کو دینی اور دنیاوی نعمتوں اور ترقیات سے نوازتا رہے اور ان کی اولاد کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین اللھم آمین۔

تبصرہ

دل کی دُنیا

مجموعۂ کلام مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری

صفحات :- ۲۳۸
طابع :- محمد لطیف انور امرتسری
قیمت :- ۱۵ پندرہ روپے

پانچ رنگا نظر کو اپنی طرف کھینچ لینے والا ڈیزائن جس میں ایک دائرے میں جو دل کی غمازی کرتا ہے خانہ کعبہ اور روضۂ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دلکش شبیہ ہے جو کہ ساری عمر مشرق بعید، مشرق وسطیٰ، افریقہ اور یورپ میں دین نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ و اشاعت میں گزارنے والے ایک مبلغ کے مبشر کے دل کی دنیا کا ماجرا بزبان حال کہہ رہا ہے۔

یہ مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری کے دوسرے مجموعہ کلام دل کی دُنیا کا دیدہ زیب نظر نواز اور خوبصورت سرورق ہے۔

مولانا موصوف خود ہی کہتے ہیں کہ ؎

جیسے اک چاند کا ٹکڑا ہو سجا شیشے میں
نورِ قرآن سے یوں دل کو سجائے رکھو

قرآن اور اسلام کے حقیقی مبارک شاعر کا پرنور اثر رکھنے والے اس شاعر کے کلام کے مواضیع خدا تعالیٰ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جماعت احمدیہ کے سرکردہ بزرگان کے اسماء گرامی اور ذات مبارک کے بعد دینی مواضیع از قسم رمضان، نماز، دعا، اخلاق، عید مبارک اور پھر اہم شخصیات جن میں حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ، نواب محمد احمد خانصاحب، مولانا ابوالعطاء، عبدالسلام اختر، ناصر الدین گمانگا، ڈاکٹر عبدالسلام اور اس کے علاوہ تحریک جدید سال نو اور وطن کے مواضیع بھی شامل ہیں۔ آخر میں ایک حصہ بچوں کی نظموں سے متعلق ہے اور ایک حصہ غزلیات کا ہے۔

مولانا امرتسری صاحب کی زندگی کا سارا اثاثہ تبلیغ و اشاعت اسلام ہے اس لئے ہر شعر عشق الٰہی اور عشق رسول ؐ کے کسی نہ کسی پہلو کا پرتو ہے اور صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کا یہ تعارف سو فی صد حقیقت کا ترجمان ہے کہ :-

"برادرم مکرم مولانا محمد صدیق صاحب امرتسری شعراء کی اس خوش بخت اقلیت میں شامل ہیں جن کی دل پسند وادیاں ذکر الٰہی اور ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے مہک رہی ہیں۔"

اور ادبی مرتبہ کا تعین ملک کے مشہور شاعر، صحافی اور اہل قلم حضرت ثاقب زیروی صاحب نے پیش لفظ میں یوں کیا ہے کہ :-

"ان کی ساری توجہ سادگی اور سلاست بیان سے اپنا مافی الضمیر اپنے قاری کے قلب و روح میں اتار دینے پر رہتی ہے۔"

حضرت ثاقب کے خیال میں ان کا شعری شعور پاکیزہ اور سلیقہ اظہار رواں ہے۔ صاف اور سیدھے اشعار، آسان الفاظ، خوبصورت اور سادہ تراکیب کہ کلام دل سے نکلتا اور دل میں اتر جاتا ہے۔ نہ تصنع نہ بناوٹ۔ نہ مبالغہ۔ نہ لفظی اوٹ گھاٹیاں نہ نت نئے تجربات کے بہانے بھول بھلیوں کی تعمیر۔ ان پونے دو سو نظموں اور غزلوں میں ایک جہان معنی آباد ہے۔ لطف و رنگ کی ایک دنیا مہک رہی ہے اور سادگی و پرکاری کا ایک طلسم برپا ہے۔

خوبصورت رنگین سرورق، سفید کاغذ، مناسب طباعت و کتابت اور نسبتاً بڑے سائز کے ڈھائی سو صفحات کے باوجود قیمت اس ہوش ربا گرانی کے دور میں بے حد کم ہے۔ (ی س ش)

جلسہ سالانہ کے انتظامات شروع ہیں۔ چندہ جلسہ سالانہ کی ادائیگی کی طرف توجہ فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔ (ناظر بیت المال آمد)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وصایا

ضروری نوٹ: مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز ربوہ کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں۔ کہ اگر کسی صاحب کو ان وصایا میں سے کسی وصیت پر کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو وہ دفتر بہشتی مقبرہ ربوہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

مسلسل نمبر ۸۷۴۴۲:-

میں منیر احمد ولد محمد عبداللطیف صاحب قوم ورک پیشہ ملازمت عمر ۴۲ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی حال کامرہ اٹک بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۰/۸/۸۰ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔ میری موجودہ جائداد اس وقت کوئی نہیں۔

میں اپنی مندرجہ بالا جائداد کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا ہوں۔ اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کر دی جائے گی۔ اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی نیز میری وفات پر میرا جو ترکہ ثابت ہو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔

اس وقت مجھے مبلغ ۲۸۵۰/- روپے ماہوار آمد بصورت ملازمت ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

"میں اقرار قانونی اور شرعی کرتا ہوں کہ مجھے یا میرے کسی وارث کو کسی حالت میں کبھی بھی یہ حق نہ ہوگا۔ کہ اپنا ادا کردہ چندہ وصیت یا ادا کردہ حصہ جائیداد کی واپسی کا مطالبہ کریں۔"

العبد:- منیر احمد ونگ کمانڈر ایئر فورس بلڈ فیکٹری کامرہ ضلع اٹک

گواہ شد:- عبدالرشید احمد شاہد مربی سلسلہ وصیت ۱۵۱۹۴

گواہ شد:- عبدالستار ناصر۔ مسز ۱۱۶۳۴ گاؤں اٹک۔ وصیت

مسلسل نمبر ۸۸۴۴۲:-

میں ظہور احمد ناصر ولد ڈاکٹر منظور احمد صاحب قوم قریشی پیشہ طالب علم عمر ۱۸ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بازید خیل ضلع پشاور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۲/۸/۸۰ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔ میری موجودہ جائیداد حسب ذیل ہے۔

ایک گھڑی مالیتی ۲۷۰/- روپے

میں اپنی مندرجہ بالا جائیداد کے ۱/۸ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا ہوں اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کر دی جائے گی اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی۔ نیز میری وفات پر میرا جو ترکہ ثابت ہو اس کے بھی ۱/۸ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔

اس وقت مجھے مبلغ ۱۵۰/- روپے ماہوار آمد بصورت جیب خرچ ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۸ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔

العبد:- ظہور احمد ناصر ولد منظور احمد صاحب بازید خیل P.O. ہڈ تحصیل و ضلع پشاور

گواہ شد:- حاجی بختیار احمد وصیت ۱۵۱۸۶۔ پشاور۔

گواہ شد:- حاجی خلیل الرحمٰن صدر مجلس موصیان وصیت نمبر ۱۶۷۷۴ پشاور۔

درود شریف کے فضائل

رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

"خدا کا فرشتہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا۔ اے محمد جو شخص تم پر ایک دفعہ درود بھیجے گا۔ میں اس کی دس نیکیاں لکھوں گا۔ دس درجے بلند کروں گا۔ اور اسی قدر اس پر درود بھیجوں گا۔"

(الحدیث)

نوٹس طلبی ٹینڈر

زیر دستخط کو محکمہ عمارات کے منظور شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے اپنی تجدیدی فیس جمع کرا دی ہو مندرجہ ذیل کاموں کے لئے کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء نافذ العمل یکم جولائی ۱۹۷۹ء بمعہ ترمیم مجریہ سٹینڈنگ ریٹ کمیٹی تا تاریخ ٹینڈر پر مبنی اور دیگر ایٹم کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء میں نہ آتی ہوں شیڈول ایجنسی شیڈول آف ریٹ ۱۹۶۲ء کے مطابق ادا کی جائیں گی۔ پرسنٹیج ایٹم سر بمہر بتاریخ ۱۱/۸/۸۰ ایک بجے بعد دوپہر حاضر آمدہ ٹھیکیداران یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں لکھوائے جائیں گے۔ ٹینڈر فارم مورخہ ۱۰/۸/۸۰ دفتر کی اوقات میں جاری کئے جائیں گے ٹھیکیداران کو الگ الگ سر بمہر لفافہ ہر کام کے لئے استعمال کرنا ہوگا جس پر ٹھیکیدار کا نام لکھا ہوگا۔ زر بیانہ کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

زر بیانہ بصورت چالان خزانہ یا ڈیپازٹ کال لازماً ہونا چاہیئے زیر دستخط بلاوجوہ کسی ایک یا تمام ٹینڈروں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

نمبر شمار	نام کام	زر تخمینہ	زر ضمانت	میعاد
(۱)	شاہ پور میں ایس ڈی او کے لئے رہائشی تعمیر کرنا جس میں اندرونی اور بیرونی سروسز شامل ہیں۔	۶،۳۰،۰۰۰/-	۶۰۰/-	۱۲ ماہ
(۲)	کالرہ میں لائیو سٹاک کے تجرباتی فارم کے قیام کے لئے مظفر آباد ضلع سرگودھا عمارات کی تعمیر کرنا جس میں اندرونی سروسز شامل ہیں	۱۰،۰۰،۰۰۰/-	۳۰،۰۰۰/-	۹ ماہ
(۳)	جوہر آباد میں سول جج ۲ کی رہائشی تعمیر کرنا جس میں اندرونی اور بیرونی سروسز شامل ہیں	۲،۵۸،۰۰۰/-	۵۵۰۰/-	۴ ماہ
(۴)	ضلع سرگودھا میں پندرہ بنیادی ہیلتھ یونٹ تعمیر کرنا جو مندرجہ ذیل ہیں۔			
نمبر شمار	جگہ	نخمینہ	زر ضمانت	میعاد
۱	کالرہ	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	۶ ماہ
۲	جہانیاں آباد	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	"
۳	وڑچھہ	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	"
۴	دیوال	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	"
۵	کھوڑہ	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	"
۶	بابہ	۴،۹۰،۰۰۰/-	۱۰،۰۰۰/-	"
(۵)	ضلع سرگودھا میں مندرجہ ذیل پرائمری سکولوں کو اول کا درجہ دینا جس تحصیل خوشاب	۲،۰۰،۰۰۰/-	۴،۰۰۰/-	۳ ماہ
(۶)	ضلع سرگودھا میں مندرجہ ذیل مڈل سکول کو ہائی کا درجہ دینا			
(۱)	صابووال (برائے طلباء)	۴،۰۰،۰۰۰/-	۸،۰۰۰/-	۵ ماہ

(ایگزیکٹو انجینئر سیکنڈ پراونشل بلڈنگ ڈویژن سرگودھا)

PR-4449

ہر ماہ کی دس تاریخ تک اپنی رپورٹ کا گزاری مرکز میں بھیجنا ہر زعیم مجلس انصار اللہ کا فرض ہے۔

قائد عمومی انصار اللہ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

شکریہ احباب

ہمارے والد محترم نبی احمد چوہدری چیئرمین ماڈرن موٹرز لمیٹڈ ۲۰ر جولائی ۱۹۸۰ء کو لنڈن میں حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے انتقال فرما گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ لنڈن میں نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد دو اگست کو جنازہ کراچی لایا گیا۔ احباب جماعت کراچی نے ہمارے ساتھ بہت ہی محبت اور شفقت کا سلوک کیا اور تمام انتظامات خود ادا کئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے۔

۴ اگست کو جنازہ کراچی سے ربوہ پر محترم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب کے گھر لایا گیا۔ جہاں پر خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے افراد نے ہمارے ساتھ بہت ہی محبت اور ہماری تکلیف میں بے پناہ خلوص کا اظہار فرمایا۔ ہم سب ان کے ممنون و مشکور ہیں۔ عصر کی نماز کے بعد نماز جنازہ مولانا عبدالمالک خان صاحب نے امیر مقامی کی اجازت سے پڑھایا اس کے بعد جنازہ کو قطعہ شہداء میں لے جایا گیا۔ اور کثیر تعداد میں لوگوں نے جنازہ اور تدفین میں شرکت فرمائی۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے افراد نے دور تک جنازہ کو کندھا دیا۔ تدفین کے بعد مولانا عبدالمالک نے دعا کرائی۔

ہم ان تمام احباب کے مشکور و ممنون ہیں جنہوں نے ہمارے اس غم میں شرکت کی اور ہمارے دلوں کو ڈھارس بندھائی۔ خاص طور پر صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ربوہ میں تمام انتظامات کئے۔ اور دارالضیافت کی انتظامیہ نے بھی کھانے وغیرہ کے انتظامات بہت اچھے کئے۔ ہم انتظامیہ دارالضیافت کے بھی مشکور و ممنون ہیں:۔ ۱۔ زبیر احمد چوہدری (۲) جاوید احمد چوہدری (۳) آصف احمد چوہدری

اعلان نکاح

میرے بیٹے عزیزم چوہدری محمد اکرم ساہی چک ۹۸ شمالی سرگودھا آف چک پٹیالہ ساہیاں ضلع گجرات کے نکاح کا اعلان ہمراہ عزیزہ نصرت بی بی زوجہ چوہدری اللہ رکھا صاحب مرحوم چک ۹۹ شمالی سرگودھا سے مورخہ ۳۰/۸ کو قبل نماز عصر مسجد مبارک میں ازراہ شفقت مکرم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ صدر مجلس انصار اللہ نے فرمایا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس نکاح کو ہر دو خاندان کے لئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے آمین

چوہدری محمد افضل ساہی
کوارٹر تحریک جدید ۲۱ ربوہ

ولادت

۱۲/۸ کو برادرم مکرم لطف المنان صاحب حال وومنگ یونیورسٹی امریکہ کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے بیٹا عطا فرمایا ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ مولیٰ کریم نومولود کو صحت و سلامتی کے ساتھ لمبی عمر سے نوازے۔ اسے صالح خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین۔

میاں حبیب الرحمٰن ایم ایس سی
لیکچرار تعلیم الاسلام کالج ربوہ

داخلہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کیمپس اور کالج آف ویٹرنری سائنس لاہور میں ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی کے مندرجہ ذیل ڈیپارٹمنٹس میں داخلہ کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

باٹنی۔ زوالوجی۔ فزکس۔ کیمسٹری۔ بایوکیمسٹری۔ شماریات۔ معاشیات۔ رورل سوشیالوجی فائبر ٹیکنالوجی۔ پراسٹیالوجی۔ پیتھالوجی۔ فزیالوجی۔ ریاضی

سائنس گریجوایٹ کم از کم سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ درخواست دینے کے اہل ہیں۔

پراسپیکٹس بمعہ داخلہ فارم نیشنل بنک زرعی یونیورسٹی برانچ میں دس روپے جمع کرا کر حاصل کریں۔ داخلہ کے لئے درخواست دینے کی آخری تاریخ ۷ر اگست ہے۔

کیمسٹری کے لئے آفتاب احمد مصلح الدین۔ عبدالرحمٰن سے رجوع فرمائیں۔ ٹیزائیگر ایگریکلچر انجینئرنگ میں بھی داخلہ شروع ہے۔ جس کی آخری تاریخ ۲۱ر اگست ہے۔ جس میں ایف ایس سی پری انجینئرنگ کا ہونا ضروری ہے۔

مزید معلومات کے لئے خاکسار سے رابطہ قائم کریں۔

حافظ محمد انوار جاوید صدر احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن فیصل آباد
معرفت حیات سنز گول بازار ربوہ

(ناروے میں مسجد کا افتتاح بقیہ صفحہ اوّل)

چین، آسٹریا، ترکی اور بنگلہ دیش کے قونصلر ہمسایہ چرچوں کے نمائندے اور دیگر اہم افراد شامل تھے۔

تقریب سے پہلے اور بعد میں ۴۰ منٹ تک اخباری نمائندوں سے بے تکلفی اور زندہ دلی سے گفتگو فرماتے رہے۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد لوائے احمدیت لہرایا۔

۳۱ر جولائی کو بمعہ قافلہ اوسلو میں آمد ہوئی۔ جہاں پر جماعت ناروے کے احباب نے نئے مشن ہاؤس میں جمع ہو کر استقبال کیا۔ آتے ہی مسجد میں نوافل ادا فرمائے۔

احباب کرام مقاصد دینیہ میں غیر معمولی کامیابی کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

فون نمبر ۳۸۲۲

رہائش اور سرمایہ کاری کے لئے یکساں مواقع

- سرگودھا میونسپل کمیٹی حدود کے اندر
- تمام تر رہائشی سہولتوں سے آراستہ
- نیو سٹیلائٹ ٹاؤن سے ملحقہ
- ایک بہتر رہائشی منصوبہ

الحمد پارک

جہاں آپ کو اپنی پسند کے مطابق ایک کنال ۱۰ مرلے ۷ مرلے اور ۵ مرلے کے رہائشی پلاٹس مل سکتے ہیں۔

— رابطہ کے لئے —

الحمد اسٹیٹس 699 اے سٹیلائٹ ٹاؤن سرگودھا

کیورز۔ CURES

کیا ہیں؟

- ان میں حیرت انگیز شفاء کیوں ہے؟
- پرانی ضدی امراض کیونکر ختم ہو سکتی ہیں؟
- اپریشن سے بچانے والے نسخے؟
- ان تمام معلومات کے لئے "کیور نیو سسٹم" کا لٹریچر ۲۵ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کریں۔

کیور نیو میڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ پاکستان
لاہور، کراچی، ہیڈ آفس ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴